نہایۃ الکمال

سیّد غلام قادر شاہؒ

ترتیب و تدوین، ترجمہ و تحشیہ

ڈاکٹر خواجہ حمید یزدانی

بہ اصرار
محمد دانیال

عرضِ مرتّب و مترجم

نہایۃ الکمال مشہور صوفی حضرت شیخ غلام قادر شاہ کی تصنیف اور ایک مختصر سا رسالہ ہے۔ یہ رسالہ قلمی صورت میں اور دربار خلیفہ شریف لاہور کی ملکیت ہے۔ اس رسالے میں مختلف اشغال کی کسی قدر تفصیل ہے۔ یہ اشغال ایک سالک کی تکمیلِ سلوک کے سلسلے میں ممد و معاون ہیں۔

رسالے کی عبارت و تحریر اور اقتباسات و حوالہ جات سے پتا چلتا ہے کہ فاضل مصنف کو نہ صرف فارسی اور عربی زبان پر عبور حاصل ہے بلکہ عظیم صوفی شعرا اور مصنفین کی تصنیفات بھی ان کے مطالعے میں رہی ہیں جن میں ابوسعید ابوالخیرؒ، رومیؒ، حافظؒ، سرمد، ابن عربیؒ، حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے اسمائے گرامی خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ پھر قرآن کریم اور احادیث نبویؐ و قدسی کے بھی حوالے آگئے ہیں جو ان کے کثرتِ مطالعہ پر دال ہیں۔ ہر شغل کے آخر میں انہوں نے "یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ" کی عبارت نقل کی ہے۔

راقم نے مخطوطہ سے عبارت نقل کرتے وقت بڑی محنت سے کام لیا ہے۔ خط بظاہر اچھا ہے لیکن اکثر مقامات پر کاتب نے بے احتیاطی کا مظاہرہ کیا ہے، چنانچہ قرآن کریم کی بعض آیات سے متعلق بھی اس نے تساہل سے کام لیا ہے۔ بہرحال آیاتِ قرآنی کی صحت کے لیے مجھے ہر مقام پر قرآن کریم سے رجوع کرنا پڑا۔ بعض عربی عبارات کے سلسلے میں مجھے اپنے دوست مکرم پروفیسر سید محمد کبیر احمد مظہر صاحب شعبۂ عربی پنجاب یونیورسٹی، لاہور سے رجوع کرنا پڑا جس کے لیے میں ان کا ممنون ہوں۔

مخطوطہ کے بعض صفحات پر کسی حسن نے حاشیے میں بعض الفاظ کی وضاحت فارسی میں کی ہے۔ راقم نے ایسے حواشی کا ترجمہ دے کر بریکٹ میں حسن لکھ دیا ہے۔ باقی تمام حواشی راقم کے ہیں۔ ترجمے کے متن میں دو ایک حواشی دے کر راقم نے آگے یزدانی لکھ دیا ہے۔ حسن کا ایک حاشیہ طویل تھا اسے راقم نے ضمیمے کے طور پر رسالے کے آخر میں نقل اور ترجمہ کیا ہے۔ ترجمہ کرتے وقت میں نے سلاست کو پیشِ نظر رکھا ہے، البتہ اصطلاحات کو بعینہٖ رہنے دیا ہے، کہیں کہیں ضرورت کے تحت بریکٹ میں ترجمہ دے دیا ہے۔ جو اشعار مشہور شعرا کے ہیں، ترجمے میں وہ اصل لکھ کر ان کا ترجمہ کیا ہے، بقیہ اشعار کا صرف ترجمہ دے دیا ہے۔ اگرچہ متن سے یہ کہیں واضح نہیں ہوتا کہ بعض اشعار فاضل مصنف کے ہیں، تاہم قرائن سے پتا چلتا ہے کہ انہوں نے بھی کہیں کہیں طبع آزمائی کی ہے۔

آخر میں میں حضرت سید الطاف محی الدین گیلانی قادری فاضل صاحب کا ممنون ہوں جنہوں نے جہاں اس قسم کے قیمتی ذخیروں کو فنا ہونے سے محفوظ رکھنے کا پروگرام بنایا ہے، وہاں مجھے یہ موقع فراہم کیا ہے کہ یہ کام میں انجام دوں۔ جزاکم اللہ خیراً

ڈاکٹر خواجہ حمید یزدانی

لاہور ۲۶۔ جون ۸۵ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وہی اوّل ہے وہی آخر اور وہی باطن (پوشیدہ) اور ظاہر ہے ۔ بے انتہا تعریفیں اس ذات کے لیے ہیں جو اپنی صفات میں محمد (تعریف کیا گیا، بہت عمدہ خصلتوں والا) بھی ہے اور اپنی نشانیوں کے لحاظ سے محمود (حمد یا تعریف کیا گیا) بھی ۔ تمام تعریفیں اسی سے وجود پذیر ہوئیں اور اسی کی طرف جاتی ہیں ۔ اس کی ذات کے سوا کوئی معبود نہیں اور اسی کی طرف بازگشت ہے اور اس ذاتِ محمود پر لامحدود درود جو ہر عالم میں مطلق بھی ہے اور محدود بھی اور ہر حضرت (نزدیکی، قرب، حضوری) میں شاہد بھی ہے اور مشہود بھی، صلی اللہ علیہ وآلہ، جتنے بھی عدد معلوم اور موجود ہیں (یعنی اتنی مرتبہ درود) ۔

ترجمۂ اشعار= وہ ذاتِ مطلق جس کا نام احمدؐ ہے، وہی اسم کی رو سے پوری طرح شہود کا آئینہ ہے ،
اگرچہ آپؐ کی میم تعیّن پر دلالت کرتی ہے، تو اسے عینِ احد سمجھ اور کلام (الٰہی) سے پڑھ ۔
یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ (یا شیخ عبدالقادر خدا را کچھ عنایت کیجیے)

واضح ہو کہ اللہ تعالیٰ تجھے اس امر پر اپنی معرفت دیتا ہے کہ تو اپنے نفس کو پہچان اور جان لے ، کیونکہ اس ذات سبحانہٗ کی معرفت، جو عالم و آدم کے وجود کی تخلیق کا بنیادی باعث ہے، نفس کی پہچان پر موقوف ہے اور یہ نفس ایک ربانی لطیف شے ہے، جو ہر مسند میں کسی ایک نام سے موسوم اور ہر مقام پر کسی ایک صفت و وصف سے جانا جاتا ہے (یہ عالم امر میں "قلم" سے اور خلق میں "عرش" سے موسوم ہے ۔ علیٰ ھٰذا القیاس) ۔ جیسا کہ فرمایا حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے[1] : جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا، اس نے اپنے رب کو پہچان لیا ۔ اور خدا ہی کے لیے تحسین وستائش ہے جس نے کہا کہ ضمیر محمد علیہ الصلاۃ والسلام کی طرف لوٹنے والا ہے ؛ اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے : نبیؐ مومنوں کے ساتھ خود ان کے نفس سے بھی زیادہ تعلق رکھتے ہیں[2] (یا زیادہ شفقت کرنے والے ہیں) ۔ سو جس کسی نے خود کو پہچان لیا اس نے حق کو پا لیا اور جس کسی نے خود کو دیکھ لیا خدا کو دیکھ لیا ۔ کیا تو نہیں سنتا کہ کس طرح فرماتے ہیں : جس کسی نے مجھے دیکھا اس نے حق کو دیکھا ۔ ہاں علم یعنی مرتبۂ علم میں عینِ مطلق الٰہی اور کتابی اسماء و صفات کا مظہر اور آئینۂ جاودانی ہے ۔ جبکہ عینِ حق میں (یعنی مرتبۂ خارج میں) وہ اس

---

۱ ۔ ابن تیمیہ کے نزدیک یہ حدیث موضوع ہے، جب کہ سمعانی کا یہ کہنا ہے کہ یہ حدیث موضوع نہیں بلکہ یحییٰ ابن معاذ کا قول ہے ۔ ملاحظہ ہو اقبال اور مسلک تصوف از ڈاکٹر ابواللیث صدیقی ، اقبال اکادمی پاکستان، لاہور ۱۹۷۷، ص ۱۲۷، ۱۲۸

۲ ۔ سورۃ الاحزاب، آیہ ۶

لطیفۂ ربانی کا آئینہ ہے اور وہ سب مظاہر میں اس کا شہود ہے، کیسی مختصر انداز میں کیسی تفصیل ہے! اور وہ اسی جامع آئینہ یعنی حقیقتِ انسانیہ میں واقع ہے اور اس حقیقتِ کبریٰ (یعنی انسان) کا وجود روشن و تابناک حقائق وجود کے آئینے میں باخبر عارف سے مخفی نہیں ہے، ہر چند وہ مخفی خزانہ ہے۔

بیدار ہو، ہشیار ہو، خود کو پہچان تاکہ تو خدا کو پہچانے :

ترجمۂ اشعار = تو "اپنے" خیال سے محجوبیت میں پھنسا ہوا ہے، اگر تو اپنے آپ کو دیکھے تو گھر میں تیرے سوا کوئی دوسرا نہیں ہے

= تو کائنات کے قدیم اور حادث ہونے پر حیران ہے، تو مسلسل اس کے اور اس کے درمیان سرگرداں ہے،

یہ نکتہ سن لے کہ دونوں جہان تجھ سے قائم ہیں۔ تیرے پہلے اور تیرے بعد نہ یہ ہے اور نہ وہ۔

"وہی اول وہی باطن" اس ذاتِ احد کی بے نشانی کا نشان ہے اور "والآخر والظاہر" محمد صلعم کی صفات ہیں۔ سرمد[1] برہنہ کہتا اور برہنہ ظاہر کرتا یعنی کھل کر کہتا ہے، تو تو سن اگر تیرے کان ہیں اور سمجھ اگر تو صاحبِ دل ہے : ۲

ترجمۂ اشعار = نورِ اول اس ذات (باسخاوت) کا نمونہ ہے۔ آپؐ کائنات کی کتاب کا آغاز اور وجود کی فہرست کا پہلا عنوان ہیں۔ آپؐ صرف مسلمانوں ہی کے محمد نہیں ہیں بلکہ عیسائیوں کے عیسیٰؑ اور یہودیوں کے موسیٰؑ بھی ہیں[2]۔

"جس نے نہیں چکھا اس نے نہیں جانا (پہچانا)۔ پس ہر انسان کا یہ واجب فرض ہے کہ وہ اپنی حقیقت کا علم حاصل کرے اور خود کو، جیسا کہ وہ ہے، پہچانے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ہر مسلمان مرد اور مسلمان عورت پر حصول علم فرض ہے"۔ جب تک تو یہ علم (اور اس علم حقیقت کا) نہیں جانتا تو نا مسلمان ہے[3]، اگرچہ تو کتنی ہی ساری کتابیں اور صحیفے کیوں نہ پڑھ لے ... علم اللہ کی قربت و معرفت اور اللہ ~~[illegible]~~ سے ڈرنے کا پھل ہے؛ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: خدا سے وہی بندے ڈرتے ہیں جو (اس کی عظمت) کا علم رکھتے ہیں[4]، موقوف ہے کسی مرشد کامل واصل اور عارف [illegible] جیسا کہ کہا گیا ہے: "ہمسایہ پھر گھر، پہلے ساتھی پھر راستہ (سفر) :

= عشق کی تعلیم مدرسے میں نہیں ہوتی۔ اس قسم کا علم تو کسی اور ہی زبان سے ہے۔

میرے رب مجھے صالح لوگوں کے ساتھ ملا دے۔

چونکہ یہ مختصر (رسالہ) ان حقائق کی تفصیل کے لائق نہیں ہے، اس لیے بعض ایسے اسرار کے بیان پر اکتفا کیا جاتا ہے جو قلم کی زبان سے کما حقہٗ واضح نہیں ہوتے لیکن طالب صادق پر ان کا اظہار واجب اور ماہر راستہ

---

۱ - سرمد - عالمگیری دور کے مشہور صوفی شاعر - خاندان کے عیسائی اور قوم کے ارمنی تھے - آغاز عمر ہی میں اسلام کی طرف مائل ہوگئے - ایک ہندو لڑکے پر فریفتہ ہوکر حقیقی کی عشق میں ڈوب گئے - دیوانہ وار اور برہنہ ہوکر "ہمہ اوست" کا ورد کرنے لگے - عالمگیر کے عہد میں دہلی پہنچے اور دارا شکوہ کی صحبت میں رہنے لگے - بعد میں علما کے فتوے پر کہ وہ صرف "لاالٰہ" پڑھتے ہیں ۱۰۶۹ھ / ۹-۱۶۵۸ء میں انہیں قتل کر دیا گیا -

۲ - یعنی فرنگی عیسیٰ ہیں محمد ہیں اور موسیٰ یہود ہیں، پس سمجھ لے - حسن سلمٰہ ربہٗ

۳ - یعنی تو کمال ایمان سے بے بہرہ ہے چنانچہ امام ... حجۃ الاسلام نے ایک رمز بیان کی ہے : اس علم سے جس کو کوئی بہرہ نصیب نہیں ہوا میں اسکے برے انجام سے ڈرتا ہوں۔ حسن

۴ - سورۂ فاطر، آیہ ۲۸

صاحبِ استعداد پر اس کا چھپانا حرام ہے۔ کسی ہادی رہنما سے تحصیلِ معرفت کے بعد اگر اس پر عمل کیا جائے اور اس کی
جو شرطیں اور لوازم ہیں ان کا پورا پورا دھیان رکھا جائے اور تسلسل سے کام جاری رکھا جائے تو انشاء اللہ اس علیم اور
فیاض کے فضل سے، کسی شک و شبہہ کے بغیر، آدمی علم الیقین سے حق الیقین تک پہنچ جائے گا اور "جمع الجمع"
(اور جمع کے بعد فرق) کی بلندی تک رسائی سے بامراد ہوگا۔ اور اللہ ہی ہر شے پر قادر ہے۔ یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ۔

سن اے بھائی، اللہ تیرے سینے کو کشادگی سے نوازے، کہ سب سے عمدہ شغل اور ذکر پوشیدہ اشیا کے کشف،
ظہورِ انوار اور اسرار سے آگہی کا ثمرہ ہے، نفی اور اثبات ہے، لیکن معانی کے فہم اور ملاحظۂ حقیقت
کی شرط پر کہ کسی آگاہ عارف کے وسیلے سے اس کے کمال تک پہنچا جا سکتا ہے۔ تمام معانی و اسرار کی تفصیل
اس مختصر (رسالے) میں نہیں سماتی۔ جو کچھ بھی مقصود ہے اختصار میں بیان کیا جائے گا، اور عارف کے لیے اشارہ ہی
کافی ہے کیونکہ عبارت مقصود و مراد سے وفا نہیں کرتی۔ خواجہ امام عبداللہ اصفہانی، جن کا تعلق سلسلۂ خواجگان سے ہے، اللہ ان
کے اسرار کو مقدس فرمائے، فرماتے ہیں:

"نفی عبارت ہے اشیا کی صورتوں کی کثرت کو اس عینِ واحد کی طرف لوٹانے سے جو
(عینِ واحد) تمام سالکوں کا مطلوب ہے، جبکہ اثبات عبارت ہے اس عینِ واحد کو
تمام صُوَر میں مشاہدہ کرنے سے اور انہیں (صورتوں کو) اس واحد کا عین دیکھنے سے۔ پس
لا الٰہ کا مطلب ہے یہ خیالی صورتیں اس کی ہستی کی غیر کہہ نفی یا عدم ہیں اور اس
ایک اصل کو لوٹتی ہیں، یعنی وہ حقیقتِ واحد ہے جو ان مختلف صورتوں میں نمایاں ہے۔ (اس قول کا) اختتام

لہذا سالک کو چاہیے کہ وہ ہر پل اور ہر وقت، کیا نیند کے وقت، کیا بیداری، کیا نسیان (بھول چوک، ہوش میں نہ ہونا) اور کیا
ہوشیاری میں، اپنے حل پر نگاہ رکھے کہ کسی بھی صورت میں غیریت کے گمان کی تاریکی اور دوئی کے خیال کی سیاہی نورِ توحید
کی پردہ دار (یعنی رکاوٹ کا باعث) نہ بن جائے۔ جب وہ کچھ عرصہ تک اس پر قائم رہے گا تو باطل کا وہم و خیال درمیان
سے اٹھ جائے گا اور کثرتِ اعتباری کا حجاب ہٹ جائے گا (اس صورت میں) جمالِ حقیقی پر حقیقت کی نظر پڑے گی
اور بے اثبات کا ثبوت رونما ہوگا اور "الآن کما کان" (وہ اب بھی ویسا ہے جیسا کہ تھا) ثابت ہو جائے گا
نیز "وکان اللہ ... الخ" (اللہ ہی تھا اور کچھ نہیں تھا) پایۂ تحقیق کو پہنچے گا۔
سیدنا و مولانا، امام العارفین شیخ فضل اللہ ابوسعید مبارک فخری، قدس سرہ العزیز، ایک بیعے

۱۔ قرآنی آیت کا یہ ٹکڑا بیسیوں مقامات پر آیا ہے۔ ۲۔ یعنی ان کثیر صورتوں کی کثرت و غیریت ایک دوسرے کی نفی ہیں
بلکہ دم ایک صورت ہیں۔ حسن ۳۔ یعنی وہی صورتِ واحد جو سب کی اصل اور سب کا منبع ہے، مختلف صورتوں
اور رنگا رنگ نقوش میں سامنے آئی اور ظہور فرما ہوئی۔ حسن

تحفے میں فرماتے ہیں، جس کا ترجمہ یہ ہے :

اے طالب اگر تو حق تک رسائی کا خواہاں ہے تو پیغمبر، صلی اللہ علیہ وسلم، کی پیروی اپنے اوپر لازم کرلے پہلے قول و فعل اور ظاہر و باطن میں، پھر وحدتِ وجود کو نگاہ میں رکھ جو کلمۂ طیبہ کا عین معنی ہے اس کا مراقبہ کر یعنی۔ اس میں کسی وقت کی تخصیص نہ ہو اور اس میں وضو کی شرط نہیں، لیکن اگر ہو جائے تو خوب ہے۔ بلکہ سوائے معنی کے نہ سانس کے باہر آنے اندر جانے کا خیال ہو، نہ حروف و الفاظ کو دھیان میں رکھا جائے، اور کوئی بات ملاحظے میں نہ آئے اور بس یہ عمل ہر حال میں، کھڑے اور بیٹھے، کروٹ کی حالت میں، حرکت اور سکون اور کھانے اور پینے (کے وقت بھی جاری رہے) ۔ مراقبہ کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے تو اپنی ہستی یعنی اپنے وجود کی نفی کرے اور ہستی کی نفی اس طرح کہ تو اپنی حقیقت اور اپنے باطن کو ہستی حق اور انیتہ حق (حق کی انانیت) کا غیر نہ جانے اور نفی نہ کرے مگر اس انیتہ کی اور یہ معنی ہیں "لا الٰہ" کے ۔ اس کے بعد تو ہستی حق کو اپنے باطن میں ثابت کرے اور یہ معنی ہیں "اللہ" کے ۔ اگر تو یہ کہے کہ چونکہ وجود واحد ہے اس لیے نفی کس کی کرنا ہوگی اور اثبات کس کا کرنا ہوگا، تو میں کہوں گا کہ میں غیریت اور دوئی کے خیال کی نفی کرتا ہوں جو وہم باطل ہے ۔ سو یہ تجھ پر ہے کہ تو سب سے پہلے اس وہم و خیال کو دور کرے، دوسرے ہستی مطلق کا اثبات کرے ۔ (قول ختم ہوا)

ہم نے جو کچھ تجھے بتایا، کافی ہے ۔ پس تو سمجھ لے ۔ محمد الرسول اللہ، یعنی حقیقتِ محمدی، ایسے عالم ظہور کی طرف جو نسبتِ بطون کا منبع ہے، اس کے بھیجے ہوئے ہیں ؛ اولاً اس (خدا) کی اجمال اور ابہام (مختصر اور پوشیدہ) کی صفت کے ساتھ مرتبۂ وحدت میں اور ثانیاً (دوسرے) الٰہی اسماء اور کونی اسماء میں پوری تفصیل کے ساتھ مرتبۂ واحدیت میں ؛ اور اسمائے الٰہی میں اسم جامع کہ وہ وحدت آنحضرت ہے اور تمام اسماء میں جو اس کی تفصیل ہے اور اسمائے کونی میں عینِ جامع جو مظہرِ وحدت ہے تمام اعیان میں جو اس کی واحدیت ہیں اور روحِ مطلق میں کہ وحدت ہے اور ارواح جو واحدیت ہیں اور قلبِ مطلق میں جامع جو وحدت ہے اور تمام مثالوں اور قلوب میں کہ وہ واحدیت ہے اور جسم مطلق میں کہ وہ وحدت ہے اور تمام اجسام (میں) کہ وہ واحدیت ہے علیٰ ھذا القیاس تمام اصناف اور انواع ۴. میں، جیسا کہ عارف پر ظاہر ہے ۔

پس محمد صلعم اس کے فرستادہ (بھیجے ہوئے یعنی رسول) ہیں جو ہستی کے غیب سے ظاہر ہوئے ۔ آپ نے غیب اور شہود کو آراستہ کیا، قسم قسم کے رنگوں میں ظاہر ہوئے اور خود کو ہر جگہ دیکھا ۔ ذرا دیکھو کہ کیا کہا جاتا ہے، یعنی کہ "لا الٰہ الا اللہ و محمد الرسول اللہ" ایک ہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ بعض بڑوں نے کہا ہے کہ محمد الرسول اللہ، اللہ کا بدلِ کل ہیں کیونکہ لفظ بدل کے معنی نحو کے لحاظ سے، نسبت کے تابع منہ

سکے ہیں نہ کہ متبوع (پیروی کیا گیا) کے، اور ذات کی قربتوں میں اضافتیں گر جاتی اور تمام نسبت و اعتبارات اٹھ جاتے ہیں - اور سب سے پہلے نسبت حقیقتِ محمدی کی ظہور پذیر ہوئی، بلکہ اس نے اولیت اور آخریت اور بطون و ظہور کی نسبتیں اپنے متبوع کو دیں - عجیب تابع (پیرو) ہے کہ متبوع کی متبوعیت (پیروی کیے جانے کا عمل) اس کے دم سے ہے۔ وہ ذات جو وجوب کی شان میں اللہ ہے، وہ حدوث کے مرتبہ میں عبداللہ (اللہ کا بندہ) ہے :

ترجمہ شعر : یعنی کہ محمدؐ، اِلٰہ کے بدل ہیں، یہ معنی ہیں لاالٰہ الا اللہ کے

تو چاہیے کہ تو اس حقیقت سے آشنا ہو اور اس بات کو پالے کہ جو کچھ ہے کلمہ میں ہے اور انبیا و اولیا اور تمام اشیا کے کلمات ہیں ان میں اللہ کے کلمات ہیں - پس جو کوئی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ایمان لایا وہ سب پر (ایمان) لے آیا - (مطابق انبیا کے برعکس) اور جان لے کہ اول کلمۂ احدیت ہے اور اس کا درمیانی حصہ وحدت اور واحدیت کا جامع ہے اور اس کا آخر تمام مراتب کا تمام مراتب میں ظہور ہے۔

یہ ہے حقیقی مجمل (اختصار) جس میں سب حقایق ہیں اور یہاں وقت کو تفصیل کی فرصت نہیں، خود بخود بات نمایاں ہو جائے گی - وھوالکافی (وہی کفایت کرنے والا ہے)، ھوالنور (اور وہ نور ہے) - یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ۔

(سالک کو چاہیے کہ وہ) برزخِ محمدی کے نور کو بڑے شعلے کی مانند، سر کی کھوپڑی کے اوپر سفید رنگ میں ملاحظہ کرے - مسلسل ایسا کرنے کے بعد، جیسا کہ چاہیے، نمایاں ہوگا - پھر (، جو قلب احمر کا ٹھکانا ہے) مسلسل آنکھ بند کر کے اندرونی آنکھ اس پر قائم رکھے - قلبِ صنوبری کو "ھو" کے ذکر سے "ھوالنور" کے ملاحظہ (مراقبہ) میں مشغول رکھے تاآنکہ وہ شعلہ بڑا ہو جائے اور روز بروز پھیلتا چلا جائے - جب سارا وقت، پورے پھیلاؤ سے، کسی تنگی کے بغیر، دکھائی دے یعنی مشاہدے میں آئے تو اسے اپنے بدن کی طرف متوجہ کرلے، یہاں تک کہ سر اس میں ڈھک جائے اور اسی نورانی رنگ کی صورت میں نورانی ہو جائے - اسی طرح آہستہ آہستہ سارے بدن کو اس میں داخل کر دے یہاں تک کہ وہ شعلہ عام صورت میں بدن بن جائے اور صورتِ مثالی پوری طرح عیاں ہو جائے اور روحانی وجود نمودار ہو جائے - اس کے بعد اس صورت کو اپنی حسی صورت سے الگ ملاحظہ کرے، یہاں تک کہ اس بدن سے جدا نمودار ہو جائے - سب سے پہلے ایک صورت نمایاں ہوگی - پھر وہ بہت زیادہ سیکڑوں تک جا پہنچے گی اور بعد میں مداومتِ کلام اور استفسارِ مقاصد اور کوائف عالم بھی ظاہر ہونگے[۱] - انشاء اللہ تعالیٰ - اس شغل کو "شغل النور" اور "شغل برزخ" اور "شغل صورت مثالی و خیالی" بھی کہتے ہیں - تاہم اپنی حقیقت کے ملاحظہ اور مرشدِ کامل کے وسیلے سے پوری معرفت

---

۱ - اگر کلام کے بعد و نہ ہو تو ترجمہ اس طرح ہوگا : کلام کے تسلسل کے بعد استفسار . . . . الخ - اور اگر کلام کا مداومت سے مربوط نہ ہو تو پھر " : تسلسل کے بعد کلام و استفسار . . . الخ (بیزواضح صورت حال کے سبب یہ حاشیہ دینا پڑا)

…کو معلوم ہوگا۔ اور روحانی تربیت اور انبیا و اولیاء وغیرہ کے عالم ارواح کا معاینہ اسی مقام میں ہے۔ حقیقت میں اپنی تربیت خود ہی سے ہے، کیونکہ یہ صورت مثالی ہی برزخ محمدی کی مثالِ مطلق ہے۔ شیخ بزرگ عین القضاة[1] ہمدانی قدس سرہٗ نے فرمایا ہے: "رسول اکرم صلعم کو میں نے سات سو مرتبہ دیکھا تھا اور ہر مرتبہ آپ نے مجھے حقائق کی تعلیم فرمائی۔ آخرکار میں نے یہ جانا کہ ہر مرتبہ میں نے صرف خود ہی کو دیکھا" اور یہ حق ہے سچ ہے۔ مولانا روم فرماتے ہیں:

گرچہ قرآن از لبِ پیغمبر است   ہر کہ گوید حق نگفتہ، کافر است[2]

(اگرچہ قرآن پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک ہونٹوں سے ادا ہوا ہے تاہم جو کوئی یہ کہتا ہے کہ یہ حق یعنی خدا نے نہیں کہا تو وہ کافر ہے)

اس (شغل) کے کمال کے بعد اس نورِ پاک کا تصور (ملاحظہ) کرے جو بسیط ہے، بے جہت بے کیف محیط ہے، نہ نیچے نہ اوپر، نہ بائیں نہ دائیں اور نہ آگے نہ پیچھے ہے۔ اگر اس نور میں موجیں، حرکت اور روانی ظاہر ہو تو وہ نور، روحِ مطلق ہے اور اگر وہ ساکنِ محض ہو تو نورِ ذات ہے، کبھی بجلی کی طرح سفید، کبھی سخت سیاہ۔ پس اگر اس شہود و علم میں باقی ہے تو یہ واحدیت اور وحدت کا ظہور ہے ورنہ ذاتِ بحت (خالص ذات) اور ہستیِ مطلق۔ اس کی ہستیِ مطلق وحدتِ خالص ہے۔ وہ کہاں ہے، تو کہاں ہے، میں کہاں ہوں۔ یہ راز کہنے کے لائق نہیں ہے اور نہ یہ موتی پرونے کے لائق۔ مرشدِ کامل کی زبان سے معلوم ہو جائے گا۔ وھو العلیم (اور وہ سب سے زیادہ جاننے والا ہے)۔ یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ

— یہاں اگلے صفحہ کی عبارت (حاشیے والی) آئے گی ۔

کہ اسے "شغل اندراج" بھی کہتے ہیں۔ اور یہ شغل موقوف ہے حقیقتِ انسانی کی معرفت پر جو واحدیت کے قرب کا مرتبہ ہے اور حقیقت و وجود کے اعتبار سے تو مندرج ہے وحدت و اجمال کے حضرت میں اور ظہور و شہود کے اعتبار سے وحدت اس میں مندرج ہے۔ "الانسان سرّی و انا سرّہ" (یعنی انسان میرا بھید ہے اور میں اس کا بھید ہوں) کے یہی معنی ہیں۔ پس تمام کائنات کو، یعنی ارواح و امثال اور اجسام کے عالم کو، جو کچھ بھی ہے، بلکہ عرش سے لے کر تحت الثریٰ تک، جو کچھ بھی خیال و تصور میں سمائے، سب کو اپنی حقیقت میں مندرج (داخل شدہ) جا[نے] اور خود کو ایک محیط سمندر پہچانے (یعنی جانے) اور تمام موجوں اور لہروں کو، کہ وہ حوادثِ کونیہ ہیں، اس (یعنی خود) میں

۱۔ شیخ عین القضاة: ابو الفضائل عبداللہ بن محمد المیانجی، لقب عین القضاة۔ ہمدان کے رہنے والے تھے۔ محمد بن حمویہ اور امام احمد غزالی سے ان کی صحبتیں رہیں۔ عربی اور فارسی میں کئی تصانیف ان سے یادگار ہیں۔ ۵۰۳ھ/۱۱۰۹-۱۰ء میں وفات پائی۔

۲۔ یہ شعر مثنوی روم کے دفتر چہارم میں بعنوان "قصہ سبحانی ما اعظم شانی گفتنِ ابا یزید و اعتراض مریداں و جواب او مر ایشاں را بطریق زبان بلکہ ادیان" کے تحت آیا ہے۔

سمجھے اور سب میں خود کو دیکھے۔ اس مقام پر سِترِ سَریان (کسی چیز کا اپنے اجزا میں جانا) ظاہر ہوگا۔ اس کے بعد خود کو وحدت میں گم کر دے، جو سوائے ختم المرسلین علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے سب عارفوں کا مقامِ رسائی ہے۔

اس کے بعد واحدیت میں وحدت کے شہود کا اور وحدت میں واحدیت کے شہود کا علم حاصل ہوگا، یعنی وہ خود میں سب اشیا کو یا خود کو تمام اشیا میں دیکھے گا اور یہاں "کل شیءٍ فی کُل شیءٍ" (ہر شے، ہر شے میں ہے) عیاں ہوگا۔ وھو البصیر (اور وہ ذات دیکھنے والی ہے)۔ یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ۔

"سبحانہٗ و تعالیٰ . . ."[1] (وہ ذات پاک ہے اور برتر ہے ان لوگوں کے شرک سے)۔ حقیقت کی معرفت کے بعد تشبیہ اور تنزیہ (پاک اور بے آلائش جاننا) اور عینِ ثابتہ کے عدم ہونے کی معرفت اور نفس اور رب کو جاننا، اس بے علمی کے شغل کی کیفیت، جیسا کہ چاہیے، معلوم ہو جائے گی۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے آپ کو سراسر خالی اور محض عدم تصور کر کے اسم اور صفت کے بغیر اور ملاحظہ کے بغیر، تصور کے بغیر اور اسم و صفت اور ملاحظہ و تصور کے بغیر نیز بے کیف معطل اور کم مخمور (ہو کر) آنکھ بند کر کے اور حواس سے اس طور خالی ہو جائے کہ ظاہری اور باطنی حواس میں کسی قسم کی جنبش اور حرکت پیدا نہ ہو، بیٹھ جائے اور خیال اور خیال کے خیال سے بھی گذر جائے اور مطلق تنہائی (خالی پن) کے حصول کے بعد اپنے آپ سے مطلقاً گم ہو جائے اور گم ہونے سے بھی گم ہو جائے اور وصالِ حقیقی کی دولت تک رسائی پالے اور قرب اور دوری نیز وصل اور ہجر سے فارغ ہو جائے تاکہ "الآن . . ." (جیسا کہ تھا) (اب بھی ویسا ہے) ظہور کرے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور تمہیں عطا کرے۔ یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ۔

"سَنُرِیھم . . محیط ٥"[2] (ہم عنقریب ان کو اپنی قدرت کی نشانیاں ان کے گرد و نواح میں بھی دکھائیں گے اور خود ان کی ذات میں بھی اور یہاں تک کہ ان پر ظاہر ہو جائے گا کہ وہ قرآن حق ہے، تو کیا آپ کے رب کی یہ بات [آپ کی حقیقت کی شہادت کے لیے] کافی نہیں کہ وہ ہر چیز کا شاہد ہے۔ یاد رکھو کہ وہ لوگ اپنے رب کے روبرو جانے کی طرف سے شک میں پڑے ہیں۔ یاد رکھو کہ وہ ہر چیز کو [اپنے علم کے] احاطہ میں لیے ہوئے ہے)

جب یہ بات ثابت ہوگئی کہ انسان، حق کا بھید اور حق اس کا بھید ہے تو اول بھی وہ ہے اور آخر بھی وہ، اور قدیم بھی ہے اور حادث بھی، مخلوق بھی ہے (یعنی پیدا کیا گیا) اور غیر مخلوق بھی، سب کا جامع اور سب کو مُحیط (گھیرنے والا)، مُطلق بھی ہے اور محدود بھی، منزّہ (آلائش سے پاک) بھی ہے اور مشبّہ (کسی کی مانند) بھی، مجمل بھی ہے اور مفصّل بھی، مقیّد بھی ہے اور مستفید بھی، باطن بھی ہے اور ظاہر بھی، مشہود بھی ہے اور شاہد بھی، کثیر بھی ہے اور واحد بھی، اسم بھی ہے مسمّیٰ بھی، مکشوف (آشکار) بھی ہے معمّا (پوشیدہ) بھی، نہ تو اس کے غرایب (انوکھی باتوں) کا شمار ممکن ہے اور نہ

۱۔ سورۂ یونس، آیہ ۱۸، اس کے علاوہ یہ ٹکڑا سورہ ہائے القصص، النحل اور الروم میں بھی آیا ہے۔

۲۔ سورۂ حٰم السجدہ، آخری دو آیات

حزب ہاشمیہ سں ۸ … یا غوث مدد … الاعظم (اردو صفحہ ۶ ملاحظہ ہو)

"الا اللہ" کے جلسہ اور محفوظ دورِ معہودکی لاانتہا ضرب (چوٹ) ۱۸ پنچ مقام تک پہنچائے۔ پھر وہاں سے سر اٹھا کر اور آسمان کی طرف لے جا کر خود میں ضرب لگائے۔ پھر زمین کی طرف جھکتے ہوئے بائیں گھٹنے پر ضرب دے۔ باقی ضربیں گھومنے کے انداز میں اسی طرح مسلسل، دو یا چار انگلیوں کے فاصلے سے بائیں گھٹنے سے لگاتے ہوئے دائیں گھٹنے پر پہنچے۔ دائیں گھٹنے سے کہنی اور دائیں کندھے سے ہو کر اور سینے سے گذر کر اور بائیں کندھے اور کہنی پر آ کر بائیں گھٹنے پر پہنچے۔ یہاں مسلسل تین ضربیں دے۔

پھر یہاں سے دورۂ ثانی شروع ہوگا۔ اسی طرح ضرب لگاتے ہوئے بائیں گھٹنے پر پھر مسلسل تین ضربیں لگائے۔

پھر بائیں گھٹنے سے ضرب لگاتے ہوئے دو گھٹنوں کے درمیان پہنچے اور دو گھٹنوں کے درمیان سے ضرب لگاتے ہوئے ناف پر سے گذر کر سینے پر پہنچے۔ اس کے بعد آنکھ بند کر کے ننانوے ناموں کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے خود میں ننانوے ضربیں لگائے۔

پھر سر سے شروع کرے۔ اس ذکر میں مشغولی سے علوی اور سفلی (اسرار کا کشف) رونما ہوتا ہے اور لاانتہا سترِ میسر آتا ہے، لیکن یہ مرشدِ کامل کی زبان پر موقوف ہے۔

دو ضربی، دو ضربی کوب (چوٹ، کٹائی) میں ضرب سر کو بائیں کہنی پر لا کر زمین کے نزدیک پہنچا کر "الا اللہ" ضرب کرے (چوٹ لگائے) اور وہاں سے سر اٹھا کر "الا اللہ" کو خود میں ضرب کوب کرے۔ پھر سر کی ضرب کو دائیں کہنی پر گذار کر اور زمین کے نزدیک پہنچا کر "الا اللہ" کوب کرے (چوٹ لگائے) اور وہاں سے سر اٹھا کر "الا اللہ" کو خود میں کوب دے۔ یہ عمل مسلسل اور لگاتار کرے اس میں وقفہ نہ آئے اور ایک ہی سانس میں "جلسۂ معہود کا لاانتہا ذکر" کا دھیان رکھے۔ بائیں گھٹنے سے دائیں گھٹنے کی طرف "ھو" کہتے ہوئے، ایک ہی سانس میں، ارد گرد گھومے اور ہر دَور (گردش) میں پہلے دَور یعنی گھومنے کی نسبت کمی کرے، اور اگرچہ وہ کر سکتا ہو لیکن چونکہ سانس کے بغیر نہیں کر سکتا اس لیے پھر سے شروع کرے، تاہم مرشدِ کامل سے سند لے کر مذکورہ اذکار میں مشغول ہو تاکہ اس خیالی ہستی سے نجات پا کر کثرت میں وحدت کا مشاہدہ فرمائے۔

—x—

آپکے عجائب کا بیان ممکن :

ترجمہ شعر : اگر انسان کا سین (حرف س) درمیان سے ہٹ جائے تو اول اور آخر "آن" یعنی اس کے بغیر کچھ نہ ہوگا۔

سالک کو چاہیے کہ حقیقت کے عرفان، کہ یہ حقیقی ایمان ہے، کے بعد "شغل اکبر" میں مشغول ہو۔ یعنی سب کو خود میں دیکھے اور خود کو سب میں۔ اس کے بہت سے طریقے ہیں جو مرشد کامل کی زبان سے معلوم ہونگے۔ قدیم کے اور آخر کے بڑے بڑے اولیاء اللہ نے طالبوں کی اہلیت و استعداد کے مطابق ہدایت فرمائی ہے اور اپنی کتابوں میں اشارات بیان کیے ہیں۔ واقفِ راز اِن (اشارات) کو پالیتا ہے اور محجوب پردے میں رہتا ہے یعنی نہیں سمجھ پاتا۔ یہ نارسا (مراد مصنف) بھی ایک اشارہ کرتا ہے۔ عاقل کے لیے اشارہ ہی کافی ہے۔

اس عارف کے حق میں، جو حق نما مرشد و ہادی کے وسیلے سے دولتِ عرفان سے فائز ہوا، مناسب یہ ہے کہ وہ اپنی حقیقت، جو کہ حقیقتِ محمدی ہے، کا مشاہدہ تمام مرتبوں میں کرے، اس طرح کہ وہ خود کو وحدت اور اجمال جانے اور کائنات کو واحدیت اور تفصیل تصور کرے اور واحدیت کو عین وحدت جانے، یعنی یہ میں ہوں جو اِن تمام صورتوں میں ظاہر ہوا ہوں اپنی تفصیل کے ملاحظہ سے؛ جیسا کہ اولیا کے سردار امیر المومنین حیدرِ کرار، رضی اللہ عنہ، و (تمام لطیف و کثیف اور قدیم و حادث مظاہر میں) کرم اللہ وجہہٗ، کے کلام میں آیا ہے۔ ایک خطبہ کے دوران میں آپ نے فرمایا:

ترجمہ: "میں بسم اللہ کی ب کا نقطہ ہوں، میں خدا کا وہ پہلو ہوں جس کے بارے میں تم نے زیادتی کی۔ میں قلم ہوں، میں لوحِ محفوظ ہوں، میں عرش ہوں، میں کرسی ہوں، میں سات آسمان اور زمینیں ہوں"

یہاں تک کہ آپ ہوش میں آگئے۔ اثنائے خطبہ میں صفتِ وحدت اُمڈ آئی اور عالمِ بشریت کی طرف نزول پذیر ہوئی۔ پھر آپ نے معذرت فرمائی اور (اپنی) عبودیت اور اسماءِ الٰہیہ کے احکام کے تحت فرمان برداری کا اقرار کیا، یعنی آپ نے تمام جدید و قدیم مظاہر میں اپنی حقیقت کے ظہور کا اظہار فرمایا۔ اور یہی وہ مقام جہاں کہا گیا ہے کہ انسانِ کامل سریانِ حق کی مانند تمام موجودات میں سرایت کرتا ہے۔ "اگر تو جانے اور سمجھے تو" سریانِ حق درحقیقت سریانِ انسان ہے؛ اس لیے کہ وہ ذاتِ مطلق ظہور اور بطون سے اور سریان و کتمان سے پاک ہے۔ لہذا تمام ظہور، ظہورِ انسان ہے۔ "اگر تو انسان ہوتا اور تیری آنکھوں کی پتلیاں روشن ہوتیں تو تو دیکھ لیتا کہ بے شک وہ میرے بعید سے ہے اور اس میں نہریں اور لہریں ہیں جو چل رہی ہیں۔ بے شک اس میں اربابِ بصیرت کے لیے نشانیاں ہیں" [۱]، اور اس وقت ظاہر ہوتا ہے یہ بھید کہ وہی اول ہے وہی آخر اور وہی ظاہر اور باطن ہے اور وہی ہر شے کا جاننے والا ہے [۲]، نہیں ہے کوئی معبود اس کے سوا اور محمدؐ اس کے رسول ہیں اور نہیں ہے کچھ سوائے اس کے۔

۱- آخری ٹکڑا سورہ طٰہٰ کی آیات ۵۴ اور ۱۲۸ میں آیا ہے۔
۲- آخری حصہ قرآن کریم کی بہت سی آیات میں آیا ہے۔

اگر توفیق ساتھ دے اور نصیبہ یاوری کرے تو کسی نہایت پیچھے (رہنما) کی کفش برداری کے طفیل تھوڑی ہی مدت میں شہودِ حقیقت کے کمال پر ھ فائز ہو جائے اور یہ مخفی بھید اور پوشیدہ خزانہ عین الیقین میں نمایاں ہو اور حق کا شہود حق کے ساتھ حق میں عیاں ہو جائے اور وہی ہر شے پر قادر ہے۔

بہر حال مبتدی کے حق میں زیادہ مفید یہ ہے کہ وہ اپنی عنصری صورت میں، جو عالمِ صغریٰ ہے، انام کبریٰ حقیقتوں کو ملاحظہ کرے اور وہ اس طرح کہ وہ اپنے سر کو عرش قرار دے اور اس میں جو سات طبقے ہیں انہیں آسمان کے سات طبقے (قرار دے)، باطنی قوتوں کو ستاروں اور فرشتوں کی طرح اور اپنے پاؤں کو زمین جانے؛ اور اس کے طبقوں کے سات جسم اور ظاہری حواس اس کے فرشتے، اور شکم کو فضا کا درمیانی حصہ اور اخلاطِ اربعہ چاروں عناصر کی مانند، بالوں کو درخت اور رگوں کو بہتی ندی وغیرہ تک کا تفصیلات سے تصور کرے۔ اور اپنے جسم کو جسم الجسم (جسم کا جسم)، اپنی روح کو روح الروح، اپنے عین کو عین العین، اپنے اسم کو اسم الاسم اور اپنی ذات کو ذات الذات ملاحظہ کرے:

ترجمہ اشعار: آدمی کیا ہے برزخِ جامع ہے، خلق کی صورت میں ہے جس میں حق موجود ہے،
کل اس میں کل کی مانند، بالکل اس کی طرح ہے یا اس کا عین ہے، عین کل بالکل اسی طرح جیسے مٹی میں پانی ہو،
پانی مٹی میں ہے اور مٹی پانی میں بالکل پانی کی طرح (یا عینِ آب)؛ اس گہری بات کو سمجھ۔

اگر ایک پل یہ سعادت میسر آ جائے تو کمالِ انسانی کو پہنچ جائے:

= زاہد کی سیر ایک ماہ اور ایک سال کی راہ ہے (یعنی اسے منزلِ حقیقی تک پہنچنے کے لیے طویل عرصہ درکار ہے) جبکہ عاشق یعنی سالک ایک پل میں بادشاہ کے تخت تک پہنچ جاتا ہے۔

اور "شغلِ مبدء و معاد" کی حقیقت بھی "شغل اکبر" سے معلوم ہو جائے گی، عروج اور نزول کے طریقے سے، اس سے مبدء اور اس کی طرف معاد ہے۔ یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ۔

الحمد للہ کہ حقیقت کا آفتاب روشن ہے۔ کوئی بھی ظلمانی (تاریکی) اور نورانی پردہ اس کی آڑ نہیں بن رہا، بلکہ پردہ یا حجاب، ظہور کا موجب ہے، جس قدر بھی حجاب زیادہ اسی قدر ظہور زیادہ ہے اور جس قدر حجاب کم اسی قدر ظہور بھی بدستور کمتر۔ سبحان اللہ کہ وہ بے پردہ نہاں ہے اور پردے میں عیاں۔ صفات اور آثار کے اعتبار سے تو اس کے حجاب، اظہار کا سبب ہیں اور ذاتِ محض اور خالص ہستی کے اعتبار سے ظہور کی شدت بھی پوشیدگی کا باعث۔ لہذا ذات کے اعتبار سے ظہورِ ذات عین بطون اور صفات کے اعتبار سے بطونِ ذات بھی عین ظہور، نزول کے سبب ظہور اگرچہ بطونِ ذات ہے، تاہم یہ بطون بھی ظہور ہے اور عروج کی بنا پر ظہور کی شدت بھی بطون ہے۔ عجب ظہور ہے کہ ظہور سے پاک ہے اور طرفہ بطون کہ بطون سے منزہ

۱- آخری ٹکڑا قرآن کی کئی آیات میں آیا ہے
۲- چار خلطیں: سودا، صفرا، خون، بلغم
۳- پانی، ہوا، خاک، آگ

اگر توفیق ساتھ دے اور نصیبہ یاوری کرے تو کسی نہایت پہنچے (رہنما) کی کفش برداری کے طفیل تھوڑی ہی مدت میں
شہودِ حقیقت کے کمال پر فائز ہو جائے اور یہ مخفی بھید اور پوشیدہ خزانہ عین الیقین میں نمایاں ہو اور
حق کا شہود حق کے ساتھ حق میں عیاں ہو جائے اور وہی ہر شے پر قادر ہے -

بہرحال مبتدی کے حق میں زیادہ مفید یہ ہے کہ وہ اپنی عنصری صورت میں، جو عالم صغریٰ ہے، تمام 9
کبریٰ حقیقتوں کو ملاحظہ کرے اور وہ اس طرح کہ اپنے سر کو عرش قرار دے اور اس میں جو سات طبقے
ہیں انہیں آسمان کے سات طبقے (قرار دے)، باطنی قوتوں کو ستاروں اور فرشتوں کی طرح اور اپنے پاؤں
کو زمین جانے؛ اور اس کے سات طبقوں کے سات جسم اور ظاہری حواس اس کے فرشتے، اور شکم کا فضا کا درمیانی حصہ
اور اخلاطِ اربعہ چاروں عناصر کی مانند، بالوں کو درخت اور رگوں کو بہتی ندی وغیرہ تک کا
تفصیلات سے تصور کرے - اور اپنے جسم کو جسم الجسم (جسم کا جسم)، اپنی روح کو روح الروح، اپنے
عین کو عین العین، اپنے اسم کو اسم الاسم اور اپنی ذات کو ذات الذات ملاحظہ کرے :

ترجمہ اشعار: آدمی کیا ہے برزخِ جامع ہے، خلق کی صورت میں ہے جس میں حق موجود ہے،
کُل اس میں کل کی مانند، بالکل اس کی طرح ہے یا اس کا عین ہے، عین کل بالکل اسی طرح جیسے مٹی میں
پانی ہو،
پانی مٹی میں ہے اور مٹی پانی میں بالکل پانی کی طرح (یا عینِ آب)؛ اس گہری بات کو سمجھ -
اگر ایک پل یہ سعادت میسر آ جائے تو کمالِ انسانی کو پہنچ جائے :

= زاہد کی سیر ایک ماہ اور ایک سال کی راہ ہے (یعنی اسے منزل حقیقی تک پہنچنے کے لیے طویل عرصہ
درکار ہے) جبکہ عاشق یعنی سالک ایک پل میں بادشاہ کے تخت تک پہنچ جاتا ہے -

اور "شغلِ مبدء و معاد" کی حقیقت بھی "شغل اکبر" سے معلوم ہو جائے گی، عروج اور نزول
کے طریقے سے، اس سے مبدء اور اس کی طرف معاد ہے - یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ -

الحمدُ للہ کہ حقیقت کا آفتاب روشن ہے - کوئی بھی ظلمانی (تاریکی) اور نورانی پردہ اس کی آڑ نہیں
بن رہا، بلکہ پردہ یا حجاب، ظہور کا موجب ہے، جس قدر بھی حجاب زیادہ اسی قدر ظہور زیادہ ہے اور جس قدر
حجاب کم اسی قدر ظہور بھی بدستور کمتر - سبحان اللہ کہ وہ بے پردہ نہاں ہے اور پردے میں عیاں - صفات
اور آثار کے اعتبار سے تو اس کے حجاب، اظہار کا سبب ہیں اور ذاتِ محض اور خالص ہستی کے اعتبار سے ظہور
کی شدت بھی پوشیدگی کا باعث - لہذا ذات کے اعتبار سے ظہورِ ذات عین بطون اور صفات کے اعتبار
سے بطونِ ذات بھی عین ظہور، نزول کے سبب ظہور اگرچہ بطون ذات ہے، تاہم یہ بطون بھی ظہور ہے اور عروج
کی بنا پر ظہور کی شدت بھی بطون ہے - عجب ظہور ہے کہ ظہور سے پاک ہے اور طرفہ بطون کہ بطون سے منزہ

---

۱ - آخری ٹکڑا قرآن کی کئی آیات میں آیا ہے
۲ - چار خلطیں : سودا، صفرا، خون، بلغم
۳ - پانی، ہوا، خاک، آگ

وہاں نہ تو ظہور سماتا ہے اور نہ بطون کی کوئی گنجائش۔ وہی جانتا ہے جس کی راہنمائی نور مقدس کرتا ہے، نہ (ارکان) راستہ ہے، نہ (ارکان) راہ نما، نہ بادشاہ نہ گدا۔ اللہ کے سوا اور کوئی نہیں ہے۔ اختتام۔

پس یہ ثابت ہوگیا کہ ظہور اس کا ظہور ہے اور بطون اس کا بطون، کیونکہ ہر شے کا ظہور، حقیقت میں اس حقیقت کا ظہور ہے۔ سو سالک کو چاہیے کہ وہ ہر نفس اسم ذات کو "ھو الظاہر" "ھو الباطن" کے ملاحظہ سے، سانس کے دخول اور خروج کے مطابق، نزول اور عروج کے تصور سے، جو چار مرتبہ ہوتا ہے، عمل میں لائے۔ اور اگر نفس یعنی سانس کے دخول اور خروج کو پیش نظر رکھے بغیر اسی طرح کرے تو بہت جلد مقام جمع تک پہنچ جائے گا اور بحر فنا میں غرق ہو جائے گا، یعنی وہی ہے میرا ظاہر اور میرا باطن، میں وہ ہوں، وہ میں، بلکہ نہ میں نہ وہ۔ باخبر ہو جا کہ کیا کہا جا رہا ہے۔ قلم پھٹ رہا ہے اور دل جل رہا ہے۔ میں کہہ نہیں سکتا، میں چھپا نہیں سکتا۔ بڑے بڑے عارفان حق نے اپنی زندگی اس شغل میں گذار دی یہاں تک کہ خود کو خود سے چھڑا دیا۔ حضرت قادریہ عالیہ، اللہ ان کے اسرار کو پاک فرمائے، اصرار اور اہتمام کے ساتھ یہ عمل بجا لانے کی پوری پوری تاکید فرمائی ہے۔ اور سالکوں نے پابندی اور تسلسل کے ساتھ اس ذکر اکبر (عمل کرکے) اور مخفی خزانے سے بے انتہا ثمر اور لاتعداد فائدے حاصل کیے ہیں۔

نورانیت حال کی مکمل وضاحت کے بعد (سالک کو) چاہیے کہ وہ خود کو ذات میں محو کرے اور اس بے رنگ اور لامحدود ہستی کی طرف متوجہ کرے، اس حد تک کہ خود کو اس میں گم سمجھے، جس طرح نمک پانی میں محو ہو جاتا ہے اور یہ جانے کہ اوپر اور نیچے اور دائیں اور بائیں اور ظاہر و باطن کسی احاطہ کی اضافت کے بغیر محیط ہے اور خود کو یوں سمجھے جیسے قطرہ دریا میں ہو اور اس کے دل میں جو بھی رنگ اور تعین گذرے اسے محو اور لاتعین کر دے اور ذات کی محویت میں رہے، نیز اپنی صفات کو اس کی صفات میں محو کر کے اس کی صفات کو ذات میں محو کر دے (یعنی اول ذات میں) اور اس طرح مشغول ہو کہ جیسے خود، خود میں مشغول ہے:

کہ : وہ درمیان سے اٹھ گیا اور بس خدا رہ گیا، خدا

بلکہ مشغولیت کو درمیان سے اٹھا دے:

"ہم سے ہم کب جدا ہوگا میں اور تو چلے گئے اور خدا رہ گیا۔

جناب ولایت مآب حضرت سید الاولیا (ولیوں کے سردار)، عارفوں کی سند، شاہ و گدا کے قبلہ، غوث صمدانی، محبوب سبحانی، رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے اپنے مبارک کلام میں اس حقیقت کی طرف اشارہ فرمایا ہے:

"الحمد للہ کہ میں گویا مینڈک ہوں، میرے نیچے پانی ہے اور اوپر پانی ہے، میرے دائیں جانب پانی ہے اور میرے بائیں جانب پانی ہے اور میں پانی ہوں"۔ پس سمجھ لے۔

اس شغل کو "محویت" کہتے ہیں۔ سالک کو چاہیے کہ وہ پورا پورا اہتمام کرے اور جس طرح بھی اس سے ممکن ہو تعین اور تقید کا پردہ درمیان سے اٹھا دے اور یہ یقین رکھے کہ تقید سراسر اطلاق ہے، وہی اطلاق (کھولنا، رہا کرنا، رواں کرنا) ہے جو تقید (اطلاق کی ضد) کی صورت میں ظاہر ہوا، جب کہ تعین ایک ایسا امر ہے

جس کا تعلق عدم اور اعتبار سے ہے جس میں سوائے علمی اور خیالی وجود کے اور کچھ نہیں ہے۔ جب تقید درمیان سے اٹھ گیا تو اطلاق کی وجہ عیاں ہوگئی۔ اور وہ (سالک) ظاہر کو عین باطن جانے اور ظاہری حواس میں محسوسات سے متعلق جو کچھ بھی رونما ہوا ہے یہ جانے کہ یہ وہی مطلق ہے جو تنزل کے اعتبار سے ان صورتوں میں جلوہ گر ہوا۔ " و للہ المشرق والمغرب ... الله " (اور اللہ ہی کے لیے مشرق و مغرب ہے اور جدھر بھی تم رُخ کرو ادھر اللہ کا رخ چہرہ پاؤ گے) ۔ اور معقولات و تخیلات اور حقیقتوں، وہموں اور خیالوں میں سے جو کچھ بھی دل میں سمائے یقین کرلے کہ وہی ہے جو گوناگوں پیرایوں میں نمودار ہوا۔ "واعلموا أن الله ... قلبه" (اور جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ ۹-
آدمی اور اس کے قلب کے درمیان آڑ بن جایا کرتا ہے) ۔ جہاں کہیں وہ کوئی صفت دیکھے اسی کی صفت (سمجھ کر) دیکھے کہ جس نے اطلاق کی بلندی سے تقید کی پستی یا نشیب میں ظہور فرمایا اور عین تنزل میں جو ہستی محض کی وجہ سے ہے، کمال اسماء، جو بے شمار کثرت کے ظہور کے سبب علمی طور پر اور عینی طور پر ناقابل تصور ہے، پورے طور پر حاصل ہے۔ " و للہ الاسماء الحسنیٰ " (اور اچھے اچھے نام اللہ ہی کے لیے ہیں) ۔ لہٰذا ہر اسم اس کا اسم ہے، بلکہ عین حسنیٰ ہے کیونکہ وہ اسی ذات کا اسم ہے جو بعض صفات کے ساتھ ماخوذ ہے۔ اور ہر فعل اس کا فعل ہے، "وما رمیت ... رمیٰ" (اور وہ خاک کی مٹھی آپ نے نہیں پھینکی بلکہ اللہ نے پھینکی) ۔ اور ہر صفت اس کی صفت ہے اور وہ سمیع ہے بصیر ہے اور علم ہے قدیر ہے اور وہ حی ہے، نہیں ہے کوئی معبود سوائے اس کے ہر شے، یفعل ما یرید، واللہ یفعل ... یشرکون (وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ ٹھیک فرماتا ہے اور وہی راستہ دکھانے والا ہے، اور نہیں چاہتے تم مگر اللہ چاہتا ہے؛ اور لوگوں کو کوئی اختیار نہیں، اور جو وہ شرک کرتے ہیں اللہ اس سے پاک ہے) ۔ سمع اور بصر، علم اور حیات، کلام اور ارادہ اور قدرت سب کچھ اسی پر منحصر ہے۔

سو تو آنکھ کھول (اور دیکھ کہ) سمیع (سننے والا)، بصیر (دیکھنے والا)، علیم (جاننے والا) حی (زندہ و قائم) کلیم (کلام یا بات کرنے والا) قدیر (صاحب قدرت) اور مرید (ارادہ کرنے والا) کون ہے اور موجود کیا ہے؟ تو کون اور کیا ہے:

= ہر جگہ یار کا جلوہ ہے کیا مسجد میں اور کیا کلیسا میں، ہر جگہ محبوب کا گھر ہے کیا دوزخ اور کیا بہشت میں۔

جس کی طرف تو رخ کرے تو نے اس (ذات اقدس) کی طرف رخ کیا ہوگا، اور جس کسی کو تو دل دے وہ تو نے دراصل اس کو دیا ہوگا:

= حق، بتوں کی شکل میں عاشقوں کا رہزن ہے، نہیں بلکہ حق تمام آفاق میں عیاں ہے،

= وہ چیز جو عالم کے تقید کی رو سے ہے، خدا کی قسم وہ وہی اطلاق کی وجہ سے ہے۔

اور اللہ ہر شے پر گواہ ہے۔ [8]

اگر تیری چشم بصیرت وا ہو تو سب سے پہلے تیری نظر اپنی حقیقت پر پڑے گی جو (حقیقت) نیستی ہے اور

۱- سورہ البقرہ، آیہ ۱۱۵ کا ایک حصہ۔ مخطوطہ میں فاینما کی بجائے واینما ہے۔
۲- سورۂ الانفال، آیہ ۲۴ کا ٹکڑا ۳- سورہ الاعراف، آیہ ۱۸۰ کا ٹکڑا۔ حسن نے اس سے مراد کمال اسماء لیا ہے۔
۴- الانفال، آیہ ۱۷ اور دوسری منتورات ۵- مختلف سورتوں کے ٹکڑے ۶- سورۂ البقرہ آیہ ۲۵۳ اور سورۃ الحج
۷- سورۂ القصص آیہ ۶۸ کا سے اقتباسات ۸- سورۃ البروج آیہ ۹ کے علاوہ بعض دوسری سورتوں میں بھی معمولی فرق کے ساتھ آتا ہے

خیالی ہستی کا پندار یعنی تصور و گمان پورے طور پر اٹھ جائے گا۔ ہاں غفلت کا پردہ مقصود کے شہود میں رکاوٹ ہے۔ ذرا غور و فکر کر کے اس بات کو پا لے کہ تیری ذات یعنی ہستی نہیں ہے، نہ تیری صفات ہیں اور نہ تیرے افعال۔ تو پھر ہستی کا خیال کس لیے ہے اور اس کے توابع یا متعلقات کا اثبات کس کے لیے ہے؟

اور یہ جان لے کہ احکام اور آثار کے رنگ میں رنگی ہوئی ان صورتوں میں، خارج میں وہی وجودِ حضرت ہے اور ان مختلف آئینوں میں روشن اس کی حقیقت کی صفات اُن کی صورتوں کے ہر آئینے کی اہلیت کے مطابق ناظر پر واضح ہیں اور ہر غائب اور حاضر کی حاضر (سامنے، مخاطب) :

= کون یعنی وجود و ہستی کے اعداد اور صورت کی کثرت سب ظاہر کی چیزیں ہیں، ہر واحد میں پوری شان کے ساتھ روشن ہیں۔

اگرچہ عینِ ظہور میں وہ تمام مشاہدے میں ہے ظہور اور بطون سے پاک ہے:

= اگرچہ ظاہر اور نہاں میں اس کے سوا اور کوئی نہیں ہے، اپنی ذات میں وہ نہ عیاں ہے نہ نہاں۔

لہٰذا حقیقت میں، بحرِ احدیت میں غوطہ لگانا چاہیے تاکہ وہم اور پندار و تصور اور اس کے رفع سے نجات حاصل ہو اور توحیدِ الٰہی سے "الآن کما کان" (وہ ویسا ہی ہے جیسا کہ تھا) کی حقیقت ثابت ہو جائے:

= وہ حُسن کی کان موجود تھی، دنیا کا کوئی نام و نشان نہ تھا۔

"اَللّٰھم اَرِنا . . . با لماھی" (اے ہمارے رب ہمیں اشیا کی حقیقتیں جیسی کہ وہ ہیں دکھا اور ہمیں لہو و لعب سے محفوظ فرما)۔ یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ۔

وہی شاہد ہے اور وہی مشہود۔ تجلّیِ ذات دو قسم کی ہے۔ پہلی قسم "عبارات" ہے۔ اگرچہ وہ عبارت اور اشارت سے مبرّا ہے، یہ ہستیِ مطلق کے تسلط اور احدیت کی سطوت و عظمت کے غلبے سے (عارف کے باطن پر) قہر کی صورت میں (نازل ہوتی ہے)، اس طور کہ صوری اور معنوی (ظاہری اور باطنی) حجاب اور ظلمانی اور نورانی تجلیات کی چادر (رکاوٹ) کو پورے طور پر اٹھا دیتی ہے اور نسبت، اعتبارات اور اضافات کو دفعتاً نابود کر دیتی ہے اور یوں علوم اور فہم کی رسوم مٹ جاتی ہیں اور نورِ ذات کی شعاعوں سے اس خیالی اعتباری ہستی کے خس و خاشاک کو جلا کر رکھ دیتی ہے۔ نہ کوئی صفت رہتی ہے نہ اسم، نہ ادراک نہ علم، نہ وجہ رہتی ہے نہ رسم، نہ روح نہ جسم، نہ طالب نہ مطلوب، نہ محبّ نہ محبوب۔ انانیت (میں ہونا، انا) کے آثار نابود ہو جاتے ہیں اور دوئی کی رسوم فنا ہو جاتی ہیں۔

ہاں ذات کے معاملے میں نہ علم سماتا ہے اور نہ علم بہ علم، نہ علم عدمِ علم سے۔ اس مرتبے میں وجود اور قِدم اور حدوث اور عدم کا کوئی نشان نہیں ہے۔ وہ سب سے پاک اور منزّہ ہے اور تقدیس اور تنزیہ سے بھی منزّہ ہے۔ الآن کما کان (ویسا ہی ہے جیسا کہ تھا) اور وہ واحدِ قہار ہے۔ جب اللہ قادر یا سامنے آ جائے تو علیٰ قادر یا باطل ہو جاتا ہے، نہ صحو رہا نہ محو، نہ عینیت نہ غیبیت (ظاہر اور غائب) اور نہ غیریت، نہ وحدت نہ کثرت،

۱۱/۱۷

نہ شک رہا نہ یقین ، نہ معرفت نہ دین ، نہ کفر نہ ایمان ، نہ وجدان نہ عرفان ، نہ شہود نہ وجود ، نہ کشف نہ نمود ، نہ عابدیت (عابد ہونا) نہ معبودیت ، نہ ساجدیت (سجدہ کرنے کا عمل) نہ مسجودیت ، نہ قاصد نہ مقصود ، "ویبقیٰ ..... لہٗ اثر • (اور آپ کے پروردگار کی ذات باقی رہ جائے گی جو عظمت اور احسان والی ہے¹ - جب حادث ، قدیم کے قریب ہوتا ہے تو وہ نہیں رہتا اور نہ اس کا نشان باقی رہتا ہے) - اُس کو اُسی سے لے لیتا ہے اور اسے اُوئی (وہ ہونا) اور توئی (تو ہونا) سے نجات دلا دیتا ہے :

= جس کا دستور فنا اور فقر ہوا اسے نہ صحو ہوتا ہے نہ محو ، نہ شک نہ یقین (یعنی ان سب سے پاک ہوتا ہے) وہ علم ، جہل ، حقیقت اور مجاز ، کشف ، حجاب اور کفر و دین سب سے بے نیاز اور ماورا ہو جاتا ہے -

جس مقام میں وجوبی علم نہیں سماتا وہاں بھلا علم حادث کی سمائی کیونکر ہوگی - "انسان کامل" میں فرماتے ہیں ، ترجمہ یہ ہے : (یہ کتاب عبدالکریم جیلی کی تصنیف ہے - یزدانی)

• صحیح معنوں میں حق سبحانہٗ کا کمال عبارت ہے اس کی ماہیت سے جو جس کا ادراک ممکن نہیں - لہذا اس کے کمال کی کوئی انتہا نہیں ہے اور نہ نہایت - پس وہ سبحانہٗ تعالیٰ اپنی ماہیت سے باخبر ہے اور یہ جانتا ہے کہ وہ ماہیت علم اور ادراک میں نہیں سما سکتی ، نہ اسے معلوم ہے اور نہ اس کے غیر کو - از رُوئے ذات جیسی کہ وہ ہے ، وہ اُس کے نفس میں ہے ، یعنی اس کی ماہیت کے ادراک کی اجابت اس کو اس کے کمالِ احاطہ کے استحقاق کے لیے ہے اور جہل کے نقصان سے پاک (ہے) - وہ اس سے بلند ہے ، بلندی اور عظمت کے لحاظ سے - اور اس کی اپنے آپ سے نفیِ ادراک (لاعلمی) اس کی کبریائی اور لا انتہائی کی بنا پر ہے ، اس لیے کہ صرف مُنتہا (جس کی انتہا ہو) کا علم ممکن ہے اور غیر مُنتہا (جس کی کوئی انتہا نہ ہو ، لا انتہا) کا ادراک محال ہے اور اس کی کوئی انتہا نہیں ہے - سو تو سمجھ اور پا لے کہ یہ مسئلہ بشدتِ اخفا کے سبب ، فہم کے قدموں کے پھسلنے کا مقام ہے اور خواص کی حیرت کا باعث ، عوام کی تو بات ہی چھوڑو" - اخت

عارف پر مخفی نہیں ہے کہ اس کا علم (اپنی ذات سے متعلق) ذاتِ خالص میں نہیں ہے بلکہ اس کے تعیّن کی شان میں تعینِ اول ہے جو تمام وجوبی اور امکانی شانوں کا جامع ہے اور یہ اجمال اور ابہام (اختصار اور پوشیدگی) میں ہے جو حضرتِ علم ہے ، کیونکہ ذات کے مرتبہ میں ، ذات کا علم سے تعلق نہیں ہے ، وہاں کمال اور نقصان (کمی یا کوتاہی) نہیں سماتا ، اثبات اور نفی کی بات کیا کرنا! اور یہ پوشیدہ راز و حقیقت ہے جسے سوائے صالح ولی کے کوئی نہیں جانتا - چونکہ یہ (مقام) بے عبارت ہے اس لیے عبارت میں تفصیل نہیں دی جا سکتی اور اشارے میں اشارت نہیں فرمائی جا سکتی - اور وُہی ہر شے کو جاننے والا ہے² -

تجلّی سے مراد اسمِ جامع اللہ ہے جو ایک وجہ سے تو فقط اسمِ ذات ہے اور ایک وجہ سے اسمِ ذات

۱- سورہ الرحمان ، آیہ ۲۷ ۔ ۲- قرآن کریم کی کئی آیات میں یہ ٹکڑا آیا ہے .

ہے تمام صفات کے ساتھ یا دوسرے ذاتی اسمائے (ذاتیہ)[1] کے ساتھ جیسے غنی، قدوس وغیرہ۔ اور چونکہ حضرت الٰہیہ، حضرت جمع ہے اس لیے اس کی معین صورت نہیں ہے اور تجلی ذات نہ ہوگی مگر عبد کی صورت پر جو متجلی لہٗ (اس کے لیے روشن کیا ہوا[2] جس پر جلوہ ہو) ہے اور یہ اس کی اہلیت کے مطابق ہوگی، کیونکہ یہ حضرت سب اعیان کا آئینہ ہے۔

لہٰذا اس میں عبد کی صورت ظاہر ہوگی استعداد و اہلیت کے مطابق، چنانچہ اعیان[3] اس کے احکام کے ظہور کے لیے[4] اہلیتِ ذات اور اپنی قابلیتوں کے مطابق، حق کے آئینے ہیں، اور عبد کی صورت کے بغیر تجلیِ ذات محال ہے، کیونکہ مُتجلی (آشکار ہونے یا روشن ہونے والا یا جلوہ گر) اور متجلی لہٗ کے درمیان نسبت کے بغیر صفتِ ظہور کے ظہور کا امکان نہیں ہے اور (اس میں) شک نہیں ہے کہ جلوہ گر وجودِ مطلق کسی جزئی اسم اور خاص صفت میں مقید نہیں ہے؛ تو لازماً اس کے ظہور کا آئینہ، مناسبت و نسبت کی رُو سے، اسمائے معینہ کی عبودیت کی اور متخصص قیود کی بندگی کی قید سے خالص و پاک ہوگا، بجز اس قید اور تعین کے جو اس کی ذات کا تشخص ہے اور اس کے تمام اعتبارات سے اس کا مُمیّز (برتری دینے والا) ہے، کیونکہ اگر یہ تعین بھی درمیان سے اٹھ جائے تو اس کے متجلی (جس پر تجلی ہو) کی ذات فانی اور نیست و عدم ہو جائے گی۔ اور ہماری گفتگو عبد یعنی متجلی لہٗ کی بقا کے ساتھ اسمائے ذاتیہ کی تجلی کے بارے میں ہے۔ اس لیے کہ یہ تجلی، قہر کے طور پر نہیں ہے جو رسوم اور علوم کی صفت کو فنا کرنے اور مٹانے والا ہے۔

ہاں یہ لازم قید اس کے اطلاق کی بُرائی کرنے والی نہیں ہے، کیونکہ ماہیت کا یہ تعین اس کا اضمحلال (نیستی) ہے اور ماہیت کی صفت کا اطلاق ہے۔ پس جب مکمل نسبت حاصل ہوگئی تو تعیناتِ زائدہ کے بند قیود سے خلاص کے سبب، عبد اور اس کے رب کے درمیان تجلیِ ذات رونما ہوگئی اور در حقیقت وہ آئینۂ حق میں اپنی صورتِ عینِ ثابتہ کے سوا اور کچھ نہیں دیکھتا۔ (اور یوں) شہودِ کمال حاصل ہوگیا جس سے برتر کسی درجے کا تصور نہیں ہو سکتا ہے کیونکہ استعدادِ کُلّی جو اس کے عینِ مطلق کا کے لائق و شایاں ہے، اسی تجلی کی خواہاں اور متقاضی ہے اور بس۔ اور قلبِ حقیقت محال ہے[3] اور تمام کی نیستی کا موجب:

اگر یک سرِ موی برتر پرم — فروغ تجلی بسوزد پرم[4]

(اگر میں ایک بال برابر بھی اوپر اڑوں تو تجلی کی روشنی میرے پر جلا دے گی)

پس جان لے اور یقین کے ساتھ دیکھ لے کہ اس نے حق کو نہیں دیکھا ہے اور ممکن بھی نہیں ہے کہ وہ اسے دیکھ پائے اور طرفہ (یعنی عجیب) تو یہ ہے کہ وہ پورے یقین کے ساتھ نہیں، اندازے اور خیال و تصور کے ساتھ تو نہیں جانتا ہے کہ اس نے سوائے آئینۂ حق میں اور کہیں اپنی صورت نہیں دیکھی ہے۔ ہاں خیالی صورت، جو وجود سے بہرہ ور نہیں ہے، اپنی ذات میں، جو نہیں ہے، کیونکر قیام پذیر ہوگی اور خود کو کس طرح "خود" میں، کہ اس

۱۲ کا خود نہیں ہے، ظاہر کرے گی۔ اور وہ ذات جو اس صورت میں ظاہر ہوئی، اس کا اس صورت کے علاوہ

۱۔ یعنی مرتبۂ جمع، جمعِ صفات و اسما بشمیت (حسن) ۲۔ وہم و خیال ۳۔ اس تجلی سے برتر تجلی محال ہے (حسن) ۴۔ معراج کے واقعے کی طرف اشارہ ہے۔ حضرت جبرئیل نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم "کی رہنمائی کرتے ہوئے اپنے آخری مقام پر حضور سے معذرت کی تھی اور اس قسم کا جملہ کہا تھا۔

دیکھنا غیر ممکن ہے، اگرچہ وہ وجودِ مطلق کا حصہ ہے؛ اور یہ ہر کسی پر واضح ہے کہ اس کی حقیقت کا آئینہ موہومہ خیالات کے زنگ سے مصفا اور عرفان و وجدان کی صفا سے تابناک ہوا ہے۔ اور اگر تو یہ چاہتا ہے کہ حاسۂ بصر یعنی ظاہری آنکھوں سے تو اس حقیقت کو دیکھے جانے تو پھر ذرا آئینے میں دیکھ۔ جس وقت بھی تو اس میں اپنی صورت دیکھے تو تو آئینے کو نہ دیکھ پائے گا اپنے یقین کے باوجود، حالانکہ تو اپنی صورت اس

۱۸ آئینے کے سوا اور کسی میں نہیں دیکھ رہا اور تیرا اسی آئینے کی اس صاف و صیقل جگہ کو دیکھنا جو تیری صورت[1] کا مقام ہے، غیر ممکن۔ اس لیے کہ آئینے کا حصہ بھی آئینۂ مطلق کا حکم رکھتا ہے۔ سو آئینہ نہیں دیکھا جا سکتا بجز آئینے سے۔ آئینے کا ظہور و شہود ہماری نسبت سے اس صورت سے ہے اور صورت کا وجود آئینے سے ہے؛ کیونکہ وہی آئینہ ہے جو خاص شکل سے متکیف (لذت پذیر) ہوا ہے اور آئینے کے غیر کا وجود نہیں ہے۔ اگر تو صورت سے قطع نظر کرے اور نظرِ محض آئینہ پر ڈالے تو صورت نظر سے محو ہو جائے گی اور آئینہ بھی منظور (نظر آیا، دیکھا گیا) نہ ہوگا بلکہ نظر بھی محو اور مُقفیٰ (رِقفا یا پیچھے ہونا) ہوگی۔ ہاں، جس نے نہیں چکھا، اس نے نہیں جانا اور جس نے نہیں چکھا اس نے نہیں جانا۔ یہ نارسا (نہ پہنچنے والا، یہاں مصنف نے ازراہِ انکسار یہ لفظ استعمال کیا ہے) کہتا ہے، یا لے:

ای آئینہ بین بہ بین کہ منظورِ نظر　　آئینۂ تست یا کہ عکسِ منظر
در آئینہ عکسِ تو ہمان آئینہ است　　بی رنگ، برنگِ تست محسوسِ بصر

= اے آئینہ دیکھنے والے دیکھ کہ نظر سے دیکھا گیا تیرا آئینہ ہے یا کہ منظر (دیکھنے کی جگہ) کا عکس،
= آئینے میں تیرا عکس وہی آئینہ ہے جو بے رنگ ہے لیکن تیرے رنگ سے نظر کو محسوس ہوا ہے۔

اسی طرح انسانِ کامل جب کمال کو پہنچ گیا اور پیدا شدہ قیود اور نئی نئی پیدا ہونے والی پیش آمدوں یا حاجات سے نجات پا گیا تو اس پر وہ وجود جلوہ گر ہوتا ہے جس کی ماہیت، قیدِ تعین میں ہے مشخص اور معین ہو جاتی ہے کمالِ اطلاق سے جو اس سے مخصوص ہے، اور یہی ذاتِ حق کی تجلی ہے جو اس پر ہوتی ہے اور زیادہ کا امکان نہیں ہے۔ اور یہ حق کا دیکھنا ہے جو اس کی طاقت کے مطابق ہے "لا یکلف.... وسعہا"[2] (اللہ تعالیٰ کسی کو بھی اس کی طاقت سے زیادہ مکلف نہیں بناتا) اور در حقیقت یہ خود کو دیکھنا ہے اور بس۔ "من عرفہ.... ربہ"[3] (جس نے اپنے اپنی ذات کو پہچانا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا) کے یہ معنی ہیں۔

متن شعر:

ترجمہ = آئینے کے بغیر کوئی صورت موجود نہیں ہے، صورت کے بغیر کوئی آئینہ بھی مشہود نہیں ہے،
= حقیقت میں آئینہ خود صورت ہے، خود کو خود دیکھا اور خویش (خود، اپنا) کو خویش دکھایا۔

پس یہ بات صحیح ثابت ہو گئی کہ حق کو دیکھنا اپنے عین کو دیکھنا ہے اور در حقیقت عین بھی اس کا عین ہے، کیونکہ عین اس کی شانوں میں سے ایک شان اور اس کے اسماء میں سے ایک اسم ہے، اور کوئی

۱۔ یعنی جس وقت آئینے کی سطح پر صورت کا عکس پڑتا ہے تو باقی آئینہ مشہود ہو جاتا ہے، ورنہ آئینے کا رنگ نہیں ہوتا اور بے رنگ کو دیکھنا محال ہے، تو چونکہ صورت کے عکس سے باقی آئینہ معلوم ہو گیا تو گویا بس آئینہ آئینے سے دیکھا گیا۔ (حسن)
۲۔ سورۂ البقرہ، آیہ ۲۸۶
۳۔ جیسا کہ پہلے ایک حاشیے میں ذکر ہوا اسے یحییٰ بن معاذ کا قول بتایا گیا ہے

اسم، مسمیٰ کے بغیر نہیں ہے :

= تو ہی اسم ہے اور تو ہی مسمیٰ، عقل اس معما پر حیران رہ گئی ہے ۔

(تمام کائنات پر)

یہی وہ مقام ہے جہاں بعض موجودات کو بعض موجودات پر فضیلت و برتری حاصل ہے اور انسان کی
بزرگواری اور ارجمندی ثابت ہے، اس لیے کہ اس کا عین تمام عیون کا جامع ہے اور اس کی شان تمام شانوں ۱۴
میں شامل ۔ نیز عارفوں کے سردار اور خاتم الانبیاء، آپ پر سب سے اچھے درود نہایت کامل سلام ہوں،
کے درجے کی بلندی اور مرتبے کی رفعت واضح و روشن ہو گئی۔ جیسا کہ آپؐ نے حق کو دیکھا کسی نے نہ دیکھا
اور جس نے حق کو دیکھا اس نے آپؐ میں (حق کو) دیکھا، اس لیے کہ تمام اعلیٰ اور ادنیٰ آپؐ ہی کی شانیں
اور آپؐ ہی کے اسماء ہیں۔ جیسا کہ فرمایا: "آدم اور جو کوئی اس کے سوا ہے وہ میرے جھنڈے تلے ہے"۔ اور
سوائے آپؐ کے کسی نے حق کو نہیں دیکھا اور جس کسی نے آپؐ کو دیکھا اس نے حق کو دیکھ لیا، اور اس طرف
آپؐ نے اشارہ فرمایا ہے، آپؐ کے قول مبارک کے مطابق: "جس نے مجھے دیکھا بیشک اس نے حق کو دیکھا"۔ پس حق
